
نوٹس




# 17

# ٹیلی کا تعارف

جیسا کہ ہم نے پہلے بات کی ہے کہ دوہرے اندراج نظام میں کھاتے کس طرح رکھے جاتے ہیں۔لیکن ہم سبھی جانتے ہیں کہ اگر ٹرائل بیلنس میں کچھ فرق ہوتا ہے تب ہمیں اس فرق کو پتہ کرنے میں بہت زیادہ وقت اور توانائی لگانی پڑتی ہے۔ ان سبھی مسائل کا حل ٹیلی (Telly) ہے ۔ ٹیلی میں جب ہم لین دین داخل کرتے ہیں تب لین دین بجاطور پر لیجر میں پڑھتا ہے اور ٹرائل بیلنس میں بھی درج ہوتا ہے۔ یہ لین دین تجارتی، نفع ونقصان کھاتے میں درج کیا جاتا ہے۔ اگر ہم کچھ لین دین کے بعد ٹرائل بیلنس یا بیلنس شیٹ دیکھنا چاہتے ہیں تو ہمیں صرف کچھ کلیدیں (Keys) کو کلک کرنا ہوگا۔ لہٰذا ہم کہہ سکتے ہیں کہ ٹیلی ہمارے بہت سے مسائل حل کرتی ہے۔

ٹیلی ایک مالی حسابی سافٹ ویرپیکج ہے جو بطور خاص چھوٹے اور مجھولے کاروبار اور دوکانوں کے لیے ٹیلی سولوشن کے ذریعہ وضع کیا گیا ہے۔ ٹیلی سافٹ ویر کا استعمال 90 ملکوں میں 2 ملین سے زیادہ استعمال کنندہ کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ ٹیلی ERP 9.0 اب تک کا جدید ترین ہے۔ ٹیلی چھوٹے اور مجھولے کاروبار کے لیے ایک مکمل کاروباری حساب داری اور انونٹری مینجمنٹ سافٹ ویر ہے جو حکومت امدادی فارمیٹ، کثیر سانی افعال، آن لائن افعال اور پراسسنگ فراہم کرتا ہے۔

## مقاصد

اس سبق کو پڑھنے کے بعد آپ:

- ٹیلی کے معنی بیان کرسکیں گے؛
- ٹیلی کی خصوصیات بیان کرسکیں گے؛



نوٹس

- شروعاتی ٹیلی کے لیے اہم اقدامات کرسکیں گے؛
- ٹیلی کے ساتھ شروعات کرسکیں گے؛
- ٹیلی اوپن کرنے کے لیے اہم اقدامات کرسکیں گے؛
- یہ بیان کرسکیں گے کہ کمپنی کیسے تشکیل کی جاتی ہے؛
- کمپنی کی Info کیا ہے، بتاسکیں گے؛
- شارٹ کٹ کیز کے بارے میں معلوم کرسکیں گے۔

## 17.1 ٹیلی کا مطلب

ٹیلی حسابی سافٹ ویر ہے جسے آپ کے تمام کاروباری کی تکمیل اور خودکار کرنے کے لیے وضع کیا گیا ہے۔ ہر کاروبار میں مختلف پراسس ہوتے ہیں جن کی رینج اصل سے لے کر پیچیدہ تک ہوتی ہے۔ جیسے جیسے آپ نئے بازاروں میں داخل ہوتے ہیں، آپ کا کاروبار بڑھتا ہے، نئے نئے گاہک بنتے جاتے ہیں آپ کو انتہائی درستگی بنائے رکھنے اوراپ ڈیٹ حساب اورانونٹری ریکارڈوں کو بنائے رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

حسابی سافٹ ویر جیسے ٹیلی ایک آسان اورموثرانداز میں آپ کے تمام کاروباری لین دین کوسہل، تکمیل اور کارگزاری میں مدد کرتی ہے۔ ٹیلی ERP9 ٹیلی کا جدید ترین ورژن ہے جو کاروباری لین دین کو زیادہ آسان اور تیز ترین کاروباری لین دین کو برتنے اور پراسسنگ کے لیے مختلف افزونی کی شکل میں آیا ہے۔ یہ ایک سے زیادہ کمپنیوں کے کھاتے بیک وقت انجام دے سکتا ہے۔ اسے استعمال کرنا بہت آسان اورآپ کے لیے مختلف فارمیٹ میں دینا داخل کرنا ممکن بناتا ہے۔ مزید برآں آپ کسی بھی مدت کی معلومات دیکھ سکتے ہیں۔ کمپنیوں کے درمیان ڈیٹا اور مالیاتی مدتوں کا موازنہ کرسکتا ہے، کھاتے کی تفصیل رکھ سکتا ہے اورر پورٹوں کی تخلیق کرسکتا ہے۔

## 17.2 ٹیلی کی خصوصیات




ٹیلی کی اہم خصوصیات درج ذیل ہیں:

(i) یہ تمام کھاتوں کی ابتدائی بہیاں جیسے نقد بہی اور بینک بہی رکھتا ہے۔

(ii) ٹیلی خرید رجسٹر، سیلز رجسٹر اور جرنل رجسٹر جیسے تمام رجسٹر رکھتا ہے۔



نوٹس

(iii ٹیلی بیلنس شیٹ، نفع ونقصان A\c اور ٹرائل بیلنس جیسے کھاتوں کے تمام گوشوارے رکھتا ہے اس کے علاوہ نقد بہاؤ (نقد بہاؤ گوشوارے میں ہم نقد کا بہاؤ یعنی نقد کا داخلی بہاؤ اور نقد کا بیرونی بہاؤ دیکھتے ہیں)، اسٹاک گوشوارہ (اسٹاک گوشوارہ میں ہم تمام انونٹری کے مناسب ریکارڈ تیار رکھتے ہیں اور نسبتی تجزیہ بھی تیار رکھتا ہے۔

(iv ایک ٹیلی ''آؤٹ اسٹیشن'' رپورٹیں بھی تیار رکھتا ہے۔

(v یہ قابل اور واجب الادا رقوم خواہ پارٹی کے لحاظ سے ہو یا گروپ کے لحاظ سے ہو کی بل وار مکمل معلومات فراہم کرسکتا ہے۔

(vi وقت کے کسی رینج کے لیے کسی خاص تاریخ یا رپورٹوں کے بارے میں رپورٹ فراہم کرسکتا ہے۔

(vii یہ بینک موافقت کو سہولت فراہم کرتا ہے۔

## متن پر مبنی سوالات 17.1

بیان کیجیے کہ درج ذیل جملے صحیح ہیں یا غلط

i. ٹیلی ایک حسابی ہارڈویر ہے۔

ii. ہم ٹیلی میں انونٹری کے ریکارڈ بھی رکھ سکتے ہیں۔

iii. ٹیلی میں ''آؤٹ اسٹیشن'' رپورٹ کا کوئی اہتمام نہیں ہوتا۔

iv. ٹیلی بینک موافقت کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

v. ٹیلی کھاتوں کی تمام ابتدائی بہیوں کا اہتمام بھی کرتا ہے۔

vi. ٹیلی کسی مخصوص تاریخ کو رپورٹ فراہم کرتا ہے۔

## 17.3 ٹیلی کے ساتھ شروعات

سب سے پہلے ہمیں ڈیفالٹ جس میں ٹیلی کو چلانے کے لیے مطلوبہ پروگرام فائلیں ''سیو'' کی جاتی ہیں Telly.ERP9 کو تنصیب کیا جانا ہوتا ہے۔ استعمال کنندہ ان فائلوں کو سیو کرنے کے لیے ڈیٹا ڈائرکٹری کی لوکیشن کی صراحت اور کسی ڈرائیو پر پروگرام فائل تنصیب کرسکتا ہے۔ یہ لوکل ہارڈ ڈسک پر ٹیلی ای آر پی 9 کو تنصیب کرنے میں اور تقریباً 40MS کی جگہ میں استعمال کرنے میں ایک منٹ سے زیادہ نہیں لیتا۔



نوٹس




## ٹیلی کا تعارف

کسی کمپیوٹر سسٹم میں ٹیلی ای آر پی 9 کو چلانے کے لیے بنیادی ہارڈ ویر ضروریات کی فہرست درج ذیل ہے:

| ہارڈ ویر کی ضروریات | کمپیوٹر کے نظام کا باہمی رابطہ یا سلسلہ (Configuration) |
|---|---|
| پراسسر | انٹل پریمیم IV یا ہائر |
| میموری | 256.MBRAM یا زیادہ |
| آزاد ہارڈ ڈسک | 40M پیس کم از کم (ڈیٹا کو چھوڑ کر) |
| مانیٹر ریزولوشن | 1024*768 پکسل یا ہائر پسندیدہ |

کمپیوٹر پر Tally.ERP9 تنصیب کرنے کے لیے آپ کے پاس کافی یوزر حقوق ہونا چاہئے تا کہ آپ تنصیب کے عمل کے دوران ضروری تبدیلیاں کر سکیں۔ مزید برآں یہ یقین بنالیں کہ آپ جو آپریٹنگ سسٹم استعمال کرتے ہیں۔ ملٹی لنگوئل سپورٹ کے لیے Tally ERP 9 کا سپورٹ کرتا ہے۔

## 17.4 ایک ٹیلی کو اوپن کرنے کے اہم اقدامات

ٹیلی ERP9 کو اوپن کرنے درج ذیل اقدامات انجام دینا:

(i ٹاسک بار پر اسٹارٹ بٹن کلک کریں۔ اسٹارٹ مینو دکھائی دیتا ہے۔

(ii اسٹارٹ مینو میں سبھی پروگرام آپشن پر ماؤس پوائنٹر چلائیں۔

(iii Tally.ERP9 فولڈر پر ماؤس پوائنٹر چلائیں۔

(iv Tally.ERP 9 آپشن پر ماؤس پوائنٹر چلائیں اور اس پر کلک کریں اپنے اسکرین پر Tally.ERP9 ونڈو اوپن کرتا ہے۔

## 17.5 کمپنی تخلیق کرنا

ٹیلی تنصیب کرنے کے بعد آپ کا پہلا کام کمپنی کو تخلیق کرنے کا کام انجام دینے کی ضرورت ہے۔ ٹیلی میں فرسٹ ٹرم کمپنی ایک وجود کی صراحت کرتا ہے جس کے لیے ایک آزادانہ کھاتوں کے مجموعہ کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ یہ کمپنی ہوسکتی ہے، شراکت داری فرم صنعت یا برانچ آفس ہوسکتا ہے جس کے لیے کھاتوں کا مجموعہ بنایا جاتا ہے۔


لہٰذا آیئے ہم ٹیلی میں اب کمپنی تخلیق کرنا سیکھیں۔

ٹیلی اسکرین کے ہوم پیج پر "Create Company" آپشن عنوان 'Company Info' کے تحت دستیاب ہے۔




نوٹس






جب 'Create Company' آپشن پر آپ کلک کرتے ہیں تب درج ذیل ونڈو اسکرین پر مختلف مدوں کے ساتھ دکھائی دیں گے۔




بعض اہم نقاط پر ذیل میں بحث کی گئی ہے۔

**نام:** آپ جس کمپنی کی تخلیق کرنا چاہتے ہین اس کا نام ٹائپ کریں۔



نوٹس



**میلنگ نام:** ڈیفالٹ کے ذریعہ میلنگ نام وہی ہوگا جو اوپر بیان کیا گیا ہے۔ آپ کمپنی کے بعض دیگر میلنگ نام ٹائپ کر سکتے ہیں۔

**پتہ:** کمپنی کا ڈاک پتہ ٹائپ کریں۔ اگر لائنوں کا استعمال کیا جاتا ہے تو مدد کی کوئی حد نہیں۔

**قائم رکھنے کا عمل (Maintain):** ٹیلی کھاتوں کو دو مختلف طریقوں سے قائم رکھا جا سکتا ہے۔

- صرف کھاتے
- انونٹری کے ساتھ کھاتے

کھاتے (Accounts) میں آپ صرف کھاتے قائم رکھ سکتے ہیں، انونٹری کا کوئی ریکارڈ نہیں ہوگا۔ سیکورٹی کنٹرول کا استعمال: یہ آپشن ایک جامع پاس ورڈ پر مبنی ایکسس کنٹرول پیش کرنے کے ذریعہ اپنی کمپنی کے کھاتوں کو سیکورٹی کنٹرول فراہم کرتا ہے۔

سبھی مطلوبہ معلومات کی فائلنگ کے بعد آپ انٹر پریس کریں۔ ایک نئی ونڈو دکھائی دیگی جس میں توثیق (Confimation) کے لیے پوچھا جائیگا۔

Accept?

YES\No

OK پریس کرنے یا ENTER KEY کے بعد آپ کی کمپنی کی تخلیق ہوگی۔

## 17.7 کمپنی INFO

جب آپ کمپنی کی تخلیق ایک کر لیتے ہیں تو عنوان "Company Info" میں کچھ نئے آپشن کا مواد ہے۔ یہ آپشن درج ذیل ہیں۔

- **Select Company:** اس آپشن میں کسی کمپنی کو لوڈ کرنے کی گنجائش ہوتی ہے جو آپ نے درج فہرست کمپنیوں کی فہرست سے پہلے تخلیق کی گئی تھی۔
- **Shut Company:** اس میں ڈائیلاگ باکس سے استعمال میں نہ آنے والی کمپنیوں سے Exit کی گنجائش رہتی ہے۔
- **Cratic Company:** (اسی عنوان کے تحت جیسا کہ اوپر انجام دیا گیا تھا)



نوٹس

ٹیلی کا تعارف

- **Alter:** اس میں آپ کو کمپنی کے تخلیق کے وقت فائل کی گئی موجودہ کمپنی کی معلومات کو بدلنے کی ضرورت ہوگی اجازت دیتا ہے۔
- **change Tally Vault:** کمپنی کو تخلیق کرنے کے وقت ابتدا میں دیئے گیے پاس ورڈ کو بدلنا۔
- **Split Company Data:** استعمال کنندہ کے ذریعہ صرافت کیے گئے ڈیٹا کے بعد موجودہ ایک کمپنی سے دو کمپنیوں کی تشکیل کے لیے کمپنیوں کو دولخت کرنا۔ اس پراسس میں پہلی کمپنی کا اختتامی بیلنس دوسرے کمپنی کا افتتاحی بیلنس ہوگا۔
- **Back up\ Rostur:** اس آپشن میں استعمال کنندہ کو اجازت ہوتی ہے کہ لوکل ہارڈ ڈسک یا کسی بیرونی میڈیا پر back up اختیار کرے۔ ایک یا زیادہ کمپنیوں کو ایک ڈائرکٹری کے تحت لیا جاسکتا ہے۔

## 17.8 شارٹ کٹ کیز

ٹیلی میں بہت سی شارٹ کٹ کیز ہوتی ہیں۔ ان کیز کا استعمال کرکے ہم اپنے وقت کی بچت کرسکتے ہیں۔ کچھ کیز کے استعمال درج ذیل ہے:

**F1:** سیلکٹ اور شٹ کمپنیوں کے لیے

**F2:** تاریخ اور مدت کے لیے

**F3:** کمپنی اور کمپنی Info کے لیے

**F11:** فیچرس

**F12:** Configur

ٹیلی میں کمپنی تخلیق کرنے کے بعد، ہم اپنی کمپنی میں IST کے ذریعہ کھاتے تیار کرکے کام شروع کرسکتے ہیں۔ اس کے بعد آپ کو کھاتے کی نوعیت کو درجہ بندی کرنا ہوتا ہے۔ آپ کو تمام کھاتے تخلیق کرنے ہوتے ہیں خواہ ذاتی ہو یا غیر ذاتی۔ ٹیلی میں ہمیں صرف ٹائل بیلنس کے واؤچر اندراج پاس کرنا ہوتا ہے۔ ٹرائل بیلنس، ٹریڈنگ اور نفع ونقصان کھاتہ اور بیلنس شیٹ خود بخود انجام دیا جاتا ہے۔ ہم جب بھی ضرورت ہو ٹرائل بیلنس اور بیلنس شیٹ کو دیکھ سکتے ہیں۔



نوٹس

## متن پر مبنی سوالات 17.2

### کثیر انتخابی سوالات

i. اگر ہم کمپنی کی پروفائل کو بدلنا چاہتے ہیں تو کیا کمانڈ دینا ہوگا۔

a) الٹر کمانڈ  b) ایڈٹ کمانڈ

c) چینج کمانڈ  d) کریئٹ کمپنی

ii. فیچرس پر جانے کے لیے کون سے شارٹ کی کا آپ استعمال کریں گے

a) F1  b) F12

c) F11  d) F3

iii. "Configure" کے لیے کون سی شارٹ کٹ کی کا ہم استعمال کریں گے؟

a) F3  b) F1

c) F11  d) F12

iv. Select اور Shut کمپنی کے ہم کون سی شارٹ کٹ کی کا استعمال کریں گے؟

a) F1  b) F2

c) F3  d) F12

v. Data اور Period کے لیے کون سے شارٹ کٹ کا استعمال کریں گے؟

a) F1  b) F2

c) F3  d) F11



نوٹس



## آپ نے کیا سیکھا

- Tally ٹیلی سولوشن کے ذریعہ بطور خاص چھوٹے اور مجھولے کاروبار اور دکانوں کے لیے وضع کیا گیا ایک مالیاتی حسابی سافٹ ویرپیکج ہے۔ ٹیلی سافٹ ویر کا استعمال 90 ملکوں میں 2 ملین سے زیادہ استعمال کنندہ استعمال کرتے ہیں۔
- ٹیلی بیلنس شیٹ، نفع ونقصان کھاتہ اور ٹرائل بیلنس، نقد بہاؤ، اسٹاک گوشوارہ اور نسبتی تجزیہ جیسے کھاتوں کے تمام گوشواروں کو قائم رکھنا ہے۔
- یہ وقت کی کسی رینج کے لیے ایک مخصوص تاریخ یا رپورٹوں کے لیے رپورٹ فراہم کرسکتا ہے۔ سب سے پہلے ہمیں ڈیفالٹ کے ذریعہ Tally.ERP9 کی تنصیب کرنی ہوتی ہے جس میں ٹیلی ملانے کے لیے مطلوبہ پروگرام فائلوں کو سیو کرنا ہوتا ہے۔ استعمال کنندہ ان فائلوں کو سیو کرنے کے لیے ڈیٹا ڈائرکٹری کے لوکیشن کی صراحت کرسکتا ہے اور کسی ڈرائیو پر پروگرام فائد تنصیب کرسکتا ہے لیکن تنصیب کے بعد آپ کو پہلا کام یہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے کہ کمپنی کی تخلیق کریں۔ ٹیلی میں فرسٹ ٹرم کمپنی ایک وجود فراہم کرتی ہے جس کے لیے کھاتوں کے آزادانہ مجموعے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔
- کچھ اہم کلیدوں کا استعمال درج ذیل ہے: F1,F2,F3,F11 اور F12

## اختتامی مشق

1. ٹیلی کی تعریف کیجیے۔
2. Tally ERP9 سے کیا مراد ہے؟
3. ٹیلی کی کوئی چار خصوصیات تحریر کیجیے۔
4. Tally ERP9 کے لیے مطلوبہ بنیادی ہارڈ ویر کنفگوریشن کیا ہیں؟
5. تفصیل کے ساتھ واضح کیجیے کہ ٹیلی میں کمپنی کی تخلیق کیسے کی جاتی ہے؟



نوٹس



## متن پر مبنی سوالات کے جوابات

**17.1**

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | غلط | (ii) | صحیح |
| (iii) | غلط | (iv) | صحیح |
| (v) | صحیح | (vi) | صحیح |

**17.2**

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | b | (ii) | c |
| iii) | d | (iv) | b |

## آپ کے لیے سرگرمی

- ٹیلی سافٹ ویر کا استعمال کرکے کمپنی کی تخلیق کریں اور اپنی تدریسی مواد کے پچھلے ابواب سے 10 اندراجات پاس کریں اور تکمیلیت حاصل کرنے کے لیے اس پر مشق کرنے کی کوشش کریں۔